خطوط بنام ادارہ

ترتیب :مولانا ابرار اللہ شاہ

صاحبزادہ جامع الفقہاء والعلماء : "مولانا سیدنصیب علی شاہ" نوراللہ مرقدہ

جناب حضرت " مولانا سیدنسیم علی شاہ صاحب" حفظکم اللہ

سلام مسنون کے بعد عرض یہ ہے یہ کہ بندہ نے کچھ ناقص کوشش کی ہے،اوراپنے موضوع کے متعلق کچھ لکھنے کی جسارت کی ہے۔اب بندہ مضمون کی فوٹو کاپی بھیج رہا ہے،امید ہے کہ بندہ کی ناقص کوشش کوسہ ماہی مجلّہ "المباحث الاسلامیہ" میں شائع فرماکر بندہ کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔ فجزاک اللہ خیرا

اللہ تعالیٰ آپس کی مساعی جمیلہ کوقبول فرماکر چمنستان شریعت کی سرابی،اور خارستان بدعت کے بیخ کنی کا ذریعہ بنائیں۔"آمین"

ضیاء اللہ بن عثمان غنی دیروی متخصص فی علوم الحدیث ، جامعہ فاروقیہ کراچی

جناب قاری ثناءاللہ صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وبعد ،،،

اُمید ہے مزاج گرامی بخیر ہونگے عرض یہ ہے کہ سلسلہ ارسال کچھ عرصہ سے بند ہے باوجود ارسال سالانہ مبلغ مقرر علت فارم رکنیت کی عدم معلوم ہوتا ہے فارم کچھ زمانہ پہلے اوراق میں گمشدہ تھا حالاً ارسال خدمت آپ حضرات سے امید ہیں کہ تدارک کریں۔

والسلام بندہ محمد صادق عفی عنہ

خدمت گرامی حضرت مولانا سیدنسیم علی شاہ دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ،،،

امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔اللہ آپ کوسدا خوش رکھے۔اور جملہ خدمات کوقبول ومنظور فرمائے آمین۔

خلاصہ کلام کہ میں نے آپ کا رسالہ "المباحث الاسلامیہ" مدرسہ عربیہ دارالھدیٰ کے لائبریری میں مطالعہ کیا ماشاءاللہ بہتر رسالہ ہے۔میں سالانہ چندہ بھیج رہا ہوں۔امید ہے کہ رسالہ روانہ فرماکر شکریہ کا موقع دیں گے۔بھائی غلام اللہ سلیمی سلام عرض کرتے ہیں۔

(مولانا) محمد نورعثمانی مدرسہ عربیہ دارالھدیٰ گوادر مکران

جناب ناظم دفتر مجلس التحقیق الفقہی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبعد ،،،

عرض یہ ہے کہ آپ حضرات کی سہ ماہی اُردو شمارہ بندہ کوملا۔مطالعہ کرکے بہت خوشی ہوئی،کہ اس دورِ فتن میں دین اوراسلام کی خدمت